جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریان کہا جاتا ہے روزِ قیامت اس سے صرف روزہ دار داخل ہوں گے ان کے سوا اَس سے کوئی اور داخل نہیں ہو گا کہا جائے گا: روزے دار کہاں ہیں؟ تو وہ کھڑے ہوں گے (اور اس سے داخل ہو جائیں گے)، ان کے علاوہ اس سے کوئی اور داخل نہیں ہوگا جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کر دیا جائے گا چنانچہ کوئی اور اس سے داخل نہیں ہوگا

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریان کہا جاتا ہے روزِ قیامت اس سے صرف روزہ دار داخل ہوں گے ان کے سوا اس سے کوئی اور داخل نہیں ہو گا کہا جائے گا: روزے دار کہاں ہیں؟ تو وہ کھڑے ہوں گے (اور اس سے داخل ہو جائیں گے)، ان کے علاوہ اس سے کوئی اور داخل نہیں ہوگا جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کر دیا جائے گا چنانچہ کوئی اور اس سے داخل نہیں ہوگا''

[صحیح] [متفق علیہ]

حدیث کا مفہوم: جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریان کہا جاتا ہے یہ روزہ داروں کے لیے خاص ہے، اس سے ان کے علاوہ کوئی اور داخل نہیں ہوگا چنانچہ جو شخص فرض روزے اور نفلی روزے کی پابندی کرنے والا ہوگا، اسے روز قیامت فرشتے اس دروازے سے داخل ہونے کے لیے بلائیں گے جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کر دیا جائے گا چنانچہ کوئی اور اس سے داخل نہیں ہوگا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3738